# 26-04-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ملک بھر میں آج 47 مقامات پر 15 واں روزگار میلہ منعقد ہوا۔ نئے منتخب نوجوان مختلف مرکزی وزارتوں اور محکموں میں شامل ہوں گے۔

۲۔کانگریس کے سینئر قائد راہول گاندھی نے بھارت سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے ایک نئی طرز سیاست کی ضرورت پر زور دیا ہے، جو ملک اور دنیا بھر میں عوامی مسائل کو سمجھتے ہوئے غصے،خوف اور نفرت کا محبت اور خلوص سے مقابلہ کر سکے۔

۳۔مرکزی حکومت نے ایئر لائنس کو ہدایت دی ہے کہ وہ فضائی حدود پر عائد پابندیوں کے پیش نظر مسافروں کے لیے سہولتوں سے متعلق انتظامات کو یقینی بنائیں۔

۴۔وزیر اعظم نریندر مودی 27 اپریل کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرونی ممالک کے عوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔

GOVT-AIRLINES

مرکزی حکومت نے ایئر لائنس کو ہدایت دی ہے کہ وہ فضائی حدود پر عائد پابندیوں کے پیش نظر مسافروں کے لیے سہولتوں سے متعلق انتظامات کو یقینی بنائیں، تاکہ مسافروں کی آرام دہ سفری سہولت، حفاظت اور ضوابط پر عمل درآمد برقرار رکھا جا سکے۔وزارت شہری ہوابازی نے کہا ہے کہ حالیہ بین الاقوامی فضائی حدود کے بند ہونے اور پروازوں پر پابندیوں کے سلسلہ میں کئی فضائی راستوں میں نمایاں تبدیلیاں کی گئی ہیں، جس کے نتیجہ میں پروازوں کے اوقات میں اضافہ اور فنی وقفوں کی ضرورت پیش آئی ہے۔وزارت نے ایئر لائن سے کہا ہے کہ وہ راستوں میں تبدیلی، سفر کے طویل ہونے اور سفر کے دوران ممکنہ تکنیکی رکاوٹوں کے بارے میں مسافروں کو سرگرم انداز میں واقف کروائیں۔وزارت نے کہا ہے کہ یہ معلومات چیک اِن، بورڈنگ اور ڈیجیٹل اطلاعات کے ذریعہ فراہم کی جائیں۔ایئر لائنس کو یہ بھی ہدایت دی گئی ہے کہ پرواز کے دوران مسافروں کے لیے مناسب خوراک، پانی اور خاص کھانے کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے۔وزارت نے ایئر لائنس سے یہ بھی کہا ہے کہ طیارہ میں ضروری طبی سامان کی دستیابی یقینی بنائی جائے۔

ACB

محکمہ انسداد رشوت ستانی (اے سی بی) کے عہدیداروں نے شیخ پیٹ میں واقع کالیشورم لفٹ اِرّیگیشن اسکیم سے وابستہ سابق چیف انجینئر ہری رام کی رہائش گاہ کی تلاشی لی۔اے سی بی ذرائع کے مطابق ہری رام کی رہائش گاہ کے ساتھ ساتھ

ریاست کے دیگر مقامات پر بھی بیک وقت چھاپے مارے گئے۔ یہ چھاپے مبینہ طور پر قومی ڈیم سیفٹی اتھارٹی کی اس رپورٹ کی بنیاد پر کیئے گئے ہیں جو ہزاروں کروڑوں کی لاگت والے کالیشورم پروجیکٹ سے متعلق ہے۔ ہری رام کالیشورم پروجیکٹ کی تعمیر میں ایک کلیدی کردار ادا کرنے کے لیے جانے جاتے ہیں۔تحقیقات کے دوران اے سی بی ٹیموں نے دستاویزات اور کمپیوٹروں کا باریک بینی سے معائنہ کیا۔ابھی تک اے سی بی حکام نے جاری چھاپوں سے متعلق تفصیلات عام نہیں کی ہیں ۔گذشتہ روز ریاستی وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے کہا تھا کہ این ڈی ایس اے کی رپورٹ واضح طور پر بتاتی ہے کہ " کالیشورم پروجیکٹ کا ڈیزائن، تعمیر، اور آپریشن و مینٹیننس سب میں خامیاں پائی گئی ہیں۔ "انھوں نے الزام لگایا کہ سابقہ بی آر ایس حکومت نے اس پروجیکٹ کے لئے ایک لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ رقم زیادہ شرح سود پر قرض لی، جوان ہی کی نگرانی میں ناکام ہوگیا۔

NALSAR

ورلڈ انٹلیکچوئل پراپرٹی ڈے کے موقع پر شہر حیدرآباد کی نلسار یونیورسٹی آف لا نے آج ٹی ہب فاؤنڈیشن کے ساتھ ایک یادداشت مفاہمت پر دستخط کئے۔اس معاہدے پر نلسار یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر کرشنا دیوارا ؤاور ٹی ہب فاؤنڈیشن کی نائب صدر سنتوشی ریڈی نے دستخط کئے۔ یونیورسٹی کی جانب سے آج ایک اعلامیہ میں یہ اطلاع دی گئی۔اس یادداشت مفاہمت کے ذریعہ نلسار اور ٹی ہب کا مقصد اسٹارٹ اپس کو انٹلیکچوئل پراپرٹی سے متعلق مکمل معاونت فراہم کرنا ہے، جس میں مشاورتی خدمات، صلاحیت سازی کے اقدامات، پالیسی سازی اور تربیتی پروگرام شامل ہوں گے۔ یہ تعاون نلسار کی علمی مہارت اور ٹی ہب کے اسٹارٹ اپ ماحولیاتی نظام کو استعمال کرتے ہوئے اختراعی جائیداد کے تحفظ اور اسٹارٹ اپس کی ترقی و پائیداری میں مدد کرے گا۔

PM ROZGAR MELA

ملک بھر میں آج 47 مقامات پر 15 واں روزگار میلہ منعقد ہوا۔ نئے منتخب نوجوان مختلف مرکزی وزارتوں اور محکموں میں شامل ہوں گے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے مختلف سرکاری محکموں میں تعینات ہونے والے نوجوانوں کو 51 ہزار سے زائد تقرری خطوط تقسیم کیے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ جب نوجوان قوم کی تعمیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں تو ملک تیزی سے ترقی کرتا ہے اور دنیا میں اپنی ایک خاص پہچان بناتا ہے۔انھوں نے کہا کہ آج ملک کے نوجوان اپنی محنت اور اختراع کے ذریعے یہ ثابت کر رہے ہیں کہ بھارت کے نوجوانوں میں کتنی بڑی صلاحیت موجود ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ جن نوجوانوں کو تقرری خطوط موصول ہوئے ہیں، ان پر ملک کی

معیشت کو مضبوط کرنے، اندرونی سلامتی کو فروغ دینے، بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور مزدوروں کی زندگیوں میں بہتری لانے کی بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ چند دنوں میں ممبئی میں "ورلڈ آڈیو ویژول اینڈ انٹرٹینمنٹ سمٹ ویوز 2025" منعقد ہونے جا رہا ہے، جہاں پہلی بار نوجوان تخلیق کاروں کو عالمی سطح پر اپنے فن کا مظاہرہ کرنے کا موقع ملے گا۔

Sound Byte

حیدرآباد میں، بیگم پیٹ میں منعقدہ ایک تقریب میں مرکزی مملکتی وزیر جل شکتی، ڈاکٹر راج بھوشن چودھری نے 130 سے زائد نوجوانوں کو تقررات کے دستاویزات تقسیم کیے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ روزگار میلہ مشن حکومت کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور عوامی خدمات کو مضبوط کرنے کے عزم کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ "وکست بھارت" کے وژن کی عکاسی کرتا ہے، جس کا مقصد نوجوانوں کے لیے روزگار کے بے شمار مواقع فراہم کرنا ہے۔

Sound Byte.

ایک اور تقریب میں، مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے حیدرآباد میں سنٹرل بورڈ آف انڈائریکٹ ٹیکس اینڈ کسٹمس میں منعقدہ روزگار میلہ میں نوجوانوں کو تقررات کے دستاویزات تقسیم کیے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے تقریب میں تقریباً 700 منتخب نوجوانوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو لگن کے ساتھ ادا کریں اور اپنے کام میں شناخت حاصل کریں۔ انہوں نے نوجوانوں کو مشورہ دیا کہ وہ نئی ٹیکنالوجیس اور کام میں ہونے والی تبدیلیوں سے خود کو باخبر رکھیں اور مسلسل سیکھتے رہیں۔ تقریب میں تقررات کے دستاویزات حاصل کرنے والے کئی نوجوانوں نے اپنی خوشی کا اظہار کیا۔

Sound Byte

BHARAT SUMMIT:

لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر و کانگریس کے سینئر رہنما راہل گاندھی نے ایک نئی طرز سیاست کی ضرورت پر زور دیا ہے، جو ملک اور دنیا بھر میں عوامی مسائل کو سمجھتے ہوئے غصے، خوف اور نفرت کا محبت اور خلوص سے مقابلہ کر سکے۔ وہ حیدرآباد میں جاری بھارت سمٹ سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے دنیا بھر میں ایک عالمی ترقی پسند تحریک کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ جمہوری سیاست بنیادی طور پر تبدیل ہو چکی ہے اور اب ایک نئی طرز سیاست تشکیل دینا ضروری ہے۔ اپنی کنیا کماری سے کشمیر تک پیدل یاترا کے تجربات بیان کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کو سننے کی اشد ضرورت ہے۔ قبل ازیں، بھارت سمٹ کے دوسرے دن کی نشست میں فوری اور منصفانہ ماحولیاتی اقدامات پر زور دیا گیا۔ 'ماحولیاتی انصاف میں

تیزی' کے عنوان سے منعقدہ اجلاس میں منتخب ماحولیاتی تبدیلی کے ماہرین نے حصہ لیا۔قبل ازیں، کانگریس لیڈروں نے اپنے سینئر رہنما راہل گاندھی کا شمس آباد ایرپورٹ پر پرتپاک استقبال کیا۔قبل ازیں چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا کہ ان کی حکومت کا مقصد عوام کے تمام طبقات کے خوابوں کو پورا کرنا ہے۔ یہ کہتے ہوئے کہ نوجوان خواتین اور کسان حکومت کے فریقین ہیں، انہوں نے کہا کہ بیشتر اقدامات، پروگراموں اور اسکیمات پر ریاست میں مختلف طبقات کیلئے عمل کئے جا رہے ہیں۔انہوں نے عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی پر زور دیا۔

Sound Byte

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے بھی خطاب کیا۔قبل ازیں بھارت سمٹ کے دوسرے دن کی نشست میں فوری اور منصفانہ ماحولیاتی اقدام پر زور دیا گیا۔

MEDIA ADVISORY:

وزارت اطلاعات ونشریات نے تمام میڈیا چینلوں کو ہدایت جاری کی ہے کہ وہ انسداد دہشت گردی آپریشنز اور سکیورٹی فورسز کی نقل وحرکت کی براہ راست کوریج سے گریز کریں تاکہ قومی سلامتی کو یقینی بنایا جا سکے۔وزارت نے کہا کہ میڈیا، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز اور افراد قومی سلامتی کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔وزارت نے ذرائع پر مبنی معلومات کی بنیاد پر دفاعی آپریشنز یا نقل وحرکت کی رپورٹنگ سے گریز کرنے کی ہدایت دی۔وزارت نے بتایا کہ ماضی میں کارگل جنگ، ممبئی دہشت گرد حملے اور قندھار ہائی جیکنگ جیسے واقعات کے دوران غیر محدود کوریج کے نتیجے میں قومی مفادات پر منفی اثرات مرتب ہوئے تھے۔

WEATHER:

کل کا شمال-جنوب ٹرف اب تلنگانہ سے خلیج منار، رائلسیما اور تمل ناڈو تک پھیل چکا ہے۔ہلکی سے درمیانی بارش یا گرج چمک کے ساتھ بارش کے آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ کے کچھ مقامات پر ہونے کے امکانات ہیں، محکمہ موسمیات کے بلیٹن کے مطابق۔ادھر، تلنگانہ کے پانچ اضلاع میں درجہ حرارت 45 ڈگری سیلسیس سے تجاوز کر گیا، جب کہ حیدرآباد میں دن کا درجہ حرارت 41 ڈگری سیلسیس سے اوپر رہا۔ریاست میں کل کا سب سے زیادہ درجہ حرارت عادل آباد میں 45.5 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا، جس کے بعد نرمل، جگتیال، نظام آباد اور جوگل امبا گدوال میں بھی زیادہ درجہ حرارت ریکارڈ ہوا۔

PM - MANN KI BAAT:

وزیراعظم نریندرمودی 27 اپریل کوآ کاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرونی مما لک کےعوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 121 واں ایپی سوڈ رہے گا۔آ کاش وانی اور دوردرشن کے تمام نٹ ورکس کےعلاوہ اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور نیوزآن ایئرموبائل ایپ پر پروگرام نشرہوگا۔ ہندی نشریات کے بعدعلاقائی زبانوں میں یہ پروگرام دوبارہ نشرہوگا۔تمام آ کاش وانی حیدرآباد کیندر پراسی روز رات 8 بجےمن کی بات پروگرام تلگو میں دوبارہ نشرہوگا۔

NOTICE:

حیدرآباد پولیس نے پاکستان کے چار باشندوں کونوٹس جاری کرتے ہوئے ان سے خواہش کی ہے کہ وہ کل تک ملک چھوڑ دیں۔مرکزی حکومت نے ملک میں مقیم تمام پاکستانی باشندوں سے خواہش کی ہے کہ پہلگام واقعہ کے بعدملک چھوڑ دیں۔ شہرمیں 213 پاکستانی باشندے ہیں۔ان میں سے اکثریت طویل مدتی ویزاپر ہے۔ پولیس نے چار پاکستانی باشندوں کی نشاندہی کی ہے جومختصرمدتی ویزاپر ہیں اوران باشندوں کونوٹس دی گئی ہے۔

☆☆☆